Information for Patients

# Proton Pump Inhibitors (PPIs) Tablet/Oral

**(Drugs included in this class are: Omeprazole, Esomeprazole, Pantoprozole)**

## Indications:

PPIs are a class of drugs used to treat heart burn, acid indigestion, sour stomach, ulcers, GERD (gastrointestinal reflux disease) and Zollinger Ellison Syndrome (a hereditary defect which causes the stomach to make extra acid.

## Directions for use:

- Take the medication as directed by your doctor
- Take the medication one hour before meal at the same time each day
- The medication should be swallowed whole. Do not chew or crush the granules
- Take with water, orange or apple juice, or yogurt

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to PPIs
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have liver disease
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast-feeding

## Common side effects:

- Flatulence (Gas)
- Dry mouth
- Change in taste

## Long term use related side effects:

- Deficiency of some vital minerals and vitamins.
- Increase frequency of bone fractures
- Bacterial infections.

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make-up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Seek immediate emergency medical attention for any suspected overdose.

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- Do not share your medicine with anyone

**For more information, please contact:**

**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P.O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan.
Tel: 021 3486 1504/1506; Email: drug.information@aku.edu; Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# پروٹون پمپ انہبیٹرز (پی پی آئی)

## علامات:

پروٹون پمپ انہبیٹرز (پی پی آئی) ادویات کی ایک قسم ہے جو دل کی سوزش، معدے کی تیزابیت اور جلن، مختلف قسم کے السر، جی ای آر ڈی (گیسٹرو انٹیسٹائنل ریفلکس ڈیزیز) اور زولنگر ایلیسن سنڈروم (ایک موروثی نقص جس کے باعث معدہ زیادہ تیزاب پیدا کرتا ہے) کے علاج کے لیے دی جاتی ہے۔ ادویات کی اس قسم میں اومی پریزول، ایسومی پریزول اور پینٹو پروزول شامل ہیں۔

## اہم ہدایات:

- دوا ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق لیں۔
- دوپہر کے کھانے سے ایک گھنٹے قبل دوا ہر روز مقررہ وقت پر لیں۔
- دوا کو توڑ کر یا چبا کر نہ کھائیں، ثابت نگل لیں۔
- دوا پانی، نارنگی یا سیب کے رس یا دہی کے ساتھ لیں۔

## مندرجہ ذیل صورتوں میں ڈاکٹر کو مطلع کریں:

- اگر آپ کو پی پی آئی ادویات سے الرجی ہو۔
- اگر آپ کوئی تجویز کردہ یا غیر تجویز کردہ دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- اگر آپ کو جگر کا کوئی مرض ہو۔
- اگر آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات:

- گیس
- منہ کی خشکی
- ذائقے میں تبدیلی

## طویل عرصے تک استعمال کی صورت میں ضمنی اثرات:

- جسم میں چند بنیادی معدنیات اور وٹامنز کی کمی
- ہڈیوں کے فریکچر کے واقعات میں اضافہ
- بیکٹیریا کے باعث ہونے والے انفیکشنز

## اگر دوا کی خوراک لینا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے بھولی ہوئی خوراک لے لیں۔
- اگر اگلی خوراک لینے کا وقت ہوگیا ہے تو بھولی ہوئی خوراک نہ لیں۔
- بھولی ہوئی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیے دوا کی زائد خوراک نہ لیں۔

## اگر اضافی خوراک لے لیں تو:

- اگر آپ غلطی سے دوا کی اضافی خوراک لے لیں تو فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

## دوا محفوظ کرنے کا طریقہ:

- کمرے کے درجہ حرارت پر، روشنی اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- پیک پر دی گئی انتہائی تاریخ استعمال کے بعد دوا استعمال نہ کریں۔
- اپنی ادویات کسی اور کو استعمال کے لیے نہ دیں۔


**مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی رابطہ کریں:**

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

پی او بکس 3500 اسٹیڈیم روڈ، کراچی 74800 پاکستان

فون: 1504/1506 3486 21 92+ ای میل: drug.information@aku.edu ویب سائٹ: hospitals.aku.edu/Karachi/dpic


آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

**The Aga Khan University Hospital**, Karachi


A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan